EDITORIAL

# پاک سرزمین پر قدرتی حسن کا نظارہ کریں

اللہ تبارک وتعالی نے پاک سرزمین کو نا قابل بیان حد تک اپنی لازوال نعمتوں سے نوازا ہے اور اپنے قدرتی حسن سے مالا مال کر رکھا ہے اور اس سلسلہ میں دنیا بھر سے امن وسکوں کے متلاشی لوگوں کیلئے یہ سرزمین جنت نظیر کی حیثیت رکھتی ہے۔

اللہ تعالی نے دنیا کے بلند و بالا پہاڑوں کی سب سے اونچی اونچی چوٹیاں اس سرزمین کو عطا فرمائی ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ دنیا بھر میں خوبصورت منظر کشی کرنے والے پانچ دریاؤں کو بھی اس سرزمین کی زینت بنایا ہے مزید برآں اس سرزمین کو اپنے چاروں خوبصورت اور دل بہار موسموں سے بھی نوازا ہے، اس سرزمین پر بلند و بالا پہاڑوں اور دریاؤں کے ساتھ ساتھ اولیاء کرام کے مزارعات بھی موجود ہیں جہاں پر دنیا بھر سے مسلم امہ کی آمدروفت کا سلسلہ جاری رہتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ ہندو وسکھ برادری اور بدھ ازم کے مذہبی قائدین کی عبادت گاہیں موجود ہیں جہاں پر سال بھر ان مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی آمدروفت کا سلسلہ بھی جاری رہتا ہے۔

پاکستان امن وسکون کے متلاشی لوگوں کیلئے ایک جنت نظیر کی حیثیت رکھتا ہے اس سلسلہ میں دنیا بھر کے لوگوں کو اس بات کا علم ہونا چاہیے کہ ہمارا مذہب اسلام ہے اور اسلام ہمیں آخوت و بھائی چارے کا درس دیتا ہے اور ہم یقین دلاتے ہیں کہ اس سرزمین پر کسی بھی مذہب یا قوم کے کسی بھی فرد کے ساتھ کسی بھی کوئی زیادتی وغیرہ کا تصور کرنا بھی محض وقت کا ضیاع ہوگا اس لئے امن کے متلاشی لوگوں کو چاہیے کہ وہ کسی تاخیر کے بغیر پاک سرزمین کا وزٹ کریں اور قدرتی حسن سے مالا مال نعمتوں کا نظارہ کریں۔قومی اور بین الاقوامی سطح پر رونما ہونے والے واقعات کے باعث ٹورازم ڈائریکٹری کی اشاعت میں تاخیر ہوگئی جس کے باعث معزز کرم فرماؤں سے معذرت خواہ ہیں۔ٹورازم ڈائریکٹری میں ملک بھر سے منتخب سیاحتی مقامات سے متعلق رپورٹس شائع کی گئی ہیں اور ہم توقع کرتے ہیں کہ یہ سیاحت کی ترقی میں معاون ثابت ہوں گی

ٹورازم ڈائریکٹری کی اشاعت کے سلسلہ میں اپنے تمام کرم فرماؤں اور اپنی تمام ٹیم کا مشکور ہوں کہ جن کے بھرپور تعاون کی بدولت اس کی اشاعت ممکن ہوئی ہے

خیراندیش

**بشیر اے شیخ** چیئرمین

پاکستان ٹورازم پروموشن کونسل (پی ٹی پی سی)